# 3144 ـ کیا عورت اپنے مال کی زکاۃ خاوند کو دے دے ؟

**سوال**

کیا عورت اپنے مال کی زکاۃ اپنے خاوند کو دی سکتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورت کے لیے اپنے مال کی زکاۃ خاوند کو دینی جائز ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ وہ زکاۃ کے مستحقین میں شامل ہوتا ہو، کیونکہ خاوند کا نفقہ بیوی پر لازم نہیں ہوتا، اور اس لیے بھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث میں ثابت ہے کہ انہوں نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما کی بیوی کو اپنے مال کی زکاۃ اپنے خاوند عبد اللہ رضی اللہ تعالی تعالی عنہ کو دین کی اجازت فرمائی تھی.